اسٹیٹ لائف

طیب
Tayyab

# TAKAFUL
# ENDOWMENT PLAN



By the grace of Almighty Allah, State Life is proud to announce a bonus-based Shariah-complaint product named "Takaful Endowment Plan". This plan has been specially designed for those individuals who seek protection, savings and investment under Shariah principles. The plan shall fulfill their future needs like financial necessities after retirement, children's higher education and marriage, establish & expansion of business, purchase of land or renovation & construction of the house and most importantly financial protection of a family in case of sudden death.

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اسٹیٹ لائف فخریہ طور پر "تکافل اینڈ وومنٹ پلان" کے نام سے شریعہ سے ہم آہنگ بونس (اضافی فوائد) کی پروڈکٹ پیش کر رہا ہے۔ یہ پلان آپکی مستقبل کی ضروریات جیسا کہ ریٹائرمنٹ کے بعد کی معاشی ضروریات، کاروبار کے استحکام اور وسعت، بچوں کی تعلیم اور شادی کے اخراجات، زمین کی خریداری یا مکان کی تعمیر و توسیع جیسے اہم فرائض کو شریعت کے مطابق سرمایہ کاری اور بچت کے ذریعہ پورا کرتا ہے اور ناگہانی وفات کی صورت میں خاندان کو معاشی تحفظ بھی فراہم کرتا ہے۔

## What is Takaful and Takaful Family Plan?

Takaful is derived from the Arabic word "Kafalah" which means "Guarantee" and "look after / monitor". Takaful is being used as an alternative to Conventional Insurance in Islamic System in the modern age. It's a cooperative risk-sharing mechanism established for the well-being of the community. Family Takaful Plan is based on the concept of mutual cooperation, solidarity and brotherhood, which is a pleasance act in Shariah. Takaful participants jointly contribute to protect and support each other in case of death and disability.

## تکافل اور فیملی تکافل پلان کیا ہے؟

تکافل عربی زبان کا لفظ ہے جو کفالہ سے نکلا ہے۔ جس کے معنی ضمانت اور دیکھ بھال کے ہیں تکافل دورِ جدید میں روائتی انشورنس کے شرعی متبادل کے طور پر استعمال کیا جا رہا ہے۔ یہ باہمی خطرات کے اشتراک کا طریقہ کار ہے جو معاشرے میں خوش حالی کے لئے قائم کیا گیا ہے۔ فیملی تکافل منصوبہ کی بنیاد باہمی تعاون یکجہتی اور بھائی چارہ ہے۔ جو شریعت کی نظر میں پسندیدہ عمل ہے۔ فیملی تکافل منصوبہ کے تحت تکافل شرکاء مشترکہ طور پر ایک دوسرے کو موت اور معذوری کی صورت میں تحفظ اور مدد فراہم کرتے ہیں۔

## What the Basic Principles of Takaful in general?

- Takaful Participants pay an amount in their investment account' it is called "contribution". Certain deductions (Explained in schedule of charges later) are applied to this amount. The Balance of this account is invested in selected Shariah-compliant avenues. Through a regular deduction from this account, a portion as a donation is transferred to the Waqf Fund (PTEF). The Waqf Fund is a fund based on Shariah principle's of Waqf for providing financial relief to its beneficiaries.
- Being Wakeel and Mudarib, the Window Takaful Operator, administers the participant's, investment account and Waqf Fund both and manages investments.
- In case of death, permanent disability or in any announced circumstances defined benefits are paid from the Waqf Fund (PTEF). Additionally, surpluses are also paid as an additional benefit or reserved for distribution according to an approved formula.

## تکافل کے بنیادی اصول کیا ہیں؟

- تکافل میں حصہ لینے والے افراد ایک رقم ادا کرتے ہیں جسے شراکتی حصہ (Contribution) کہا جاتا ہے۔ یہ رقم شریک کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ میں جمع ہوتی ہے۔ اس اکاؤنٹ سے کچھ کٹوتیاں ہوتی ہیں (جنکی تفصیل لاگو چارجز کے تحت ہے) اس اکاؤنٹ کی رقم شریعت کے مطابق سرمایہ کاری کے زریعہ بڑھائی جاتی ہے اسی اکاؤنٹ سے مستقل کٹوتی کے زریعہ ایک طے شدہ حصہ وقف فنڈ (تکافل فنڈ جیسے یہاں PTEF کہا جائیگا) میں بطور تبرع (عطیہ) شریک کیطرف سے جمع کیا جاتا ہے۔ وقف فنڈ (تکافل فنڈ PTEF) ممکنہ خطرات کے اثرات کی مالی تلافی فراہم کرنے کیلئے وقف کے شرعی اصول کی بنیاد پر قائم امداد باہمی کا فنڈ ہے۔
- ونڈو تکافل آپریٹر (اسٹیٹ لائف ونڈو تکافل) بحیثیت وکیل / مضارب شریک کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ (PIEA) اور وقف فنڈ (تکافل فنڈ PTEF) دونوں کا انتظام و انصرام کرتا ہے اور انکی سرمایہ کاری کی ذمہ داری انجام دیتا ہے۔
- انتقال یا معذوری پیش آنیکی یا کسی بھی اعلان شدہ صورت میں وقف فنڈ (تکافل فنڈ PTEF) سے طے شدہ فوائد ادا کئے جاتے ہیں۔ نیز وقف فنڈ کی زائد آمدنی (جسے سرپلس کہا جاتا ہے) بھی طے شدہ طریقہ کار کے مطابق بطور (اضافی فوائد) شرکاء میں تقسیم کی جاتی ہے یا تقسیم کیلئے محفوظ رکھی جاتی ہے۔

## What are Shariah-Compliant Funds?

Shariah-compliant Funds comprises of investments in Shariah-compliant instruments such as Islamic Equities, Sukuk, Islamic Term Certificates, Islamic Mutual Funds, Placement with Islamic Banking Institutions (IBIs), etc. These funds do not contain in any way the element of Riba (Interest), Qimar (Gambling) and Gharar (Uncertainty)

### شریعہ کمپلائنٹ فنڈ کیا ہے؟

شریعہ کمپلائنٹ فنڈ شریعت کے عین مطابق سرمایہ کاری پر مشتمل ہے جیسا کہ اسلامک ایکویٹی، سکوک اسلامک ٹرم سرٹیفکیٹ، اسلامک میوچل فنڈ اور اسلامک بینکنگ انسٹیٹیوشن میں سرمایہ کاری وغیرہ۔ اس فنڈ میں کسی بھی قسم کا سود (intrest) قمار (Gambling) اور غرر (Uncertainty) کا عنصر شامل نہیں ہے۔

## How Contributions and Face Value are determined?

The Participants, on their discretion, shall determine the contribution and face value according to their monthly savings and future needs.

### شراکتی حصہ (Contribution) اور اصل قیمت (Face Value) کا تعین کیسے کیا جائے گا؟

شریک (Participants) اپنی صوابدید پر شراکتی حصہ اور اصل قیمت کا تعین کرتا ہے جو اس کی ماہانہ بچت اور مستقبل کی ضروریات پر منحصر ہوتی ہیں۔

## Which are the admissible ages and term of the Plan?

This Plan is admissible for ages 18 to 60 years and is available from Term 10 to 52 years, subject to maximum maturity age of 70.

### منصوبہ کی مدت اور عمر کی حد کیا ہے؟

یہ منصوبہ 18 سے 60 سال قابلِ قبول عمر اور زیادہ سے زیادہ 70 سال کی میچورٹی کی مدت سے مشروط 10 سے 52 سال کی مدت کیلئے دستیاب ہے۔

## What is the minimum contribution?

| ANNUAL | SEMI-ANNUALLY | QUARTERLY | MONTHLY |
|---|---|---|---|
| Rs. 15,000/= | Rs. 8,000/= | Rs. 4,100/= | Rs. 1,400/= |

### کم از کم شراکتی حصہ (Contribution) کیا ہے؟

| ماہانہ | سہ ماہی | ششماہی | سال |
|---|---|---|---|
| Rs. 1,400/= | Rs. 4,100/= | Rs. 8,000/= | Rs. 15,000/= |

**Death Benefits:**

Upon the death of the participant during the membership term, Death Benefit equal to the Sum Covered, plus declared bonuses will be payable from Participant Takaful Endowment Fund (PTEF). Additionally, the Carrying Value of the Participant Investment Endowment Fund (PIEF) is also payable to the nominee.

**انتقال کی صورت میں ملنے والے فوائد**

ممبرشپ کی مدت کے دوران شریک (Participant) کے انتقال کی صورت میں شرکاء کے اینڈوومنٹ تکافل فنڈ ( PTEF ) سے فوائد ادا کیے جائیں گے۔ اسکے علاوہ شریک کے انوسٹمنٹ اینڈوومنٹ فنڈ (PIEF) کی جمع شدہ مالیت بھی نامزد فرد کو ادا کی جائیگی۔

**Maturity Benefits:**

On maturity of the membership, Sum Cover and declared bonuses shall be payable from Participant Takaful Endowment Fund (PTEF) in addition to carrying value of Participant Investment Endowment Fund (PIEF).

**مدت پوری ہونے پر ملنے والے فوائد**

ممبرشپ کی مدت پوری ہونے پر تحفظ کی رقم اور اعلان شدہ بونسز شرکاء کے اینڈوومنٹ تکافل فنڈ ( PTEF ) سے ادا کیے جائیں گے نیز شریک کے انوسٹمنٹ اینڈوومنٹ فنڈ (PIEF) کی جمع شدہ مالیت بھی ادا کیجائیگی۔

## Can a Participant surrender his/her membership?

The Participant can surrender his / her membership any time provided at least two full regular contributions have been received by State Life and the membership is either in force or automatically paid up. During Third Membership Year, the participant will be entitled to receive the carrying value of Participant Investment Endowment Fund (PIEF) and surrender value of Sum Cover only from Participant Takaful Endowment Fund (PTEF) at the date of request. From the fourth membership year onwards, the participant will be entitled to receive the carrying value of PIEF at the date of request along with surrender values of sum assured and declared bonuses if any from PTEF.

### کیا شریک اپنی ممبرشپ ختم کرسکتا ہے۔؟

اگر دو باقاعدہ شراکتی حصے مکمل طور پر وصول ہو چکے ہیں اور ممبرشپ موثر ہے یا مکمل ادا شدہ (Paid up) ہو چکی ہے تو کسی بھی وقت شریک اپنی ممبرشپ ختم کرسکتا ہے۔ ممبرشپ کے تیسرے سال کے دوران شریک اپنے انوسٹمنٹ اکاؤنٹ (PIEA) کی جمع شدہ رقم اور تحفظ کی رقم میں سرینڈرر ویلیو کا حقدار ہوگا اور یہ سرینڈر ویلیو شرکا اینڈ وومنٹ فنڈ (تکافل فند PTEF ) سے درخواست کی تاریخ کے مطابق ادا کیجائیگی۔ چوتھے سال سے شریک فنڈ مذکورہ بالا کے علاوہ تکافل فنڈ ( PTEF ) سے ملنے والے بونسز (اگر ہوں) کا بھی حقدار ہوگا۔

## When bonus declared shall be payable?

The declared bonus would remain part of Participant Takaful Endowment Fund (PTEF) and shall be payable along with Sum Covered in case of death of the Participant or Maturity of the Takaful Membership.

### اعلان شدہ بونسز کب ادا کیئے جائیں گے؟

اعلان شدہ بونسز شرکاء اینڈ وومنٹ فنڈ ( PTEF ) کا حصہ رہینگے اور انتقال کے موقع پر یا مدت کے اختتام پر تحفظ کی رقم سمیت قابلِ ادا ہونگے۔

## What is the basis for the distribution of PTEF surplus?

In case of distributable surplus, State Life in consultation with the Appointed Actuary and the Shariah Advisor would jointly decide upon the distribution of surplus to Participants. In case of sharing of distributable surplus, 97.5% would be distributed to participants in the form of Bonuses; remaining 2.5% of the surplus would be transferred to Operator Sub-Fund (OSF) as Modarib Fee.

In case of deficit, Operator Sub-Fund (OSF) will support Participant Takaful Endowment Fund (PTEF) in the form of Qard-e-Hasna and the same would be returned to Operator Sub-Fund (OSF) in case of surplus as a first charge.

### پی ٹی ای ایف (تکافل فنڈ) کی اضافی رقم (سرپلس / بونسز) کی تقسیم کن بنیادوں پر ہوگی؟

شرکاء اینڈ وومنٹ تکافل فنڈ (تکافل فنڈ PTEF ) سے پیدا ہونے والی زائد رقم (منافع / بونسز) اسٹیٹ لائف کے ایکچوری اور شریعہ مشیر کی منظوری کے بعد شرکا میں تقسیم کے قابل ہوگی، قابلِ تقسیم منافع 97.5% بونسز کی شکل میں شرکاء کے درمیان تقسیم کیا جائیگا اور باقی ماندہ 2.5 فیصد حصہ تکافل آپریٹر کے ذیلی فنڈ (OSF) کو بطور مضارب فیس منتقل کردیا جائیگا۔
اگر شرکاء اینڈ وومنٹ تکافل فنڈ ( PTEF ) میں نقصان کی صورتِ حال ہو تو تکافل آپریٹر سب فنڈ (OSF) سے رقم بطور قرضِ حسنہ ادا کی جائیگی جو مستقبل کے منافع سے ابتدائی کٹوتی کے طور پر OSF کو لوٹا دی جائیگی۔

## How the Participant can partially withdraw the amount?

Partial withdrawals will be allowed after completion of two membership years provided at least two full regular contributions have been received by State Life. Partial withdrawals shall be allowed subject to terms and conditions stated hereunder.
The Participant can withdraw the carrying value available in his/her Participant Investment Endowment Account (PIEA) subject to the condition that the residual value of his/her PIEA is at least Rs. 50,000/- or 50% of the value of PIEA, whichever is higher. The minimum Partial Withdrawal Amount is to be Rs. 10,000/-.

### جزوی طور پر رقوم کس طرح نکالی جاسکتی ہیں؟

اگر ممبرشپ کے دو سال مکمل ہو گئے ہیں اور دو باقاعدہ شراکتی حصوں کی اسٹیٹ لائف کو وصولیابی ہو چکی ہے تو جزوی طور پر رقم نکالنے کی اجازت ہوگی۔
درج ذیل شرائط کے مطابق شریک اپنے انوسٹمنٹ اکاؤنٹ (PIEA) میں جمع شدہ رقم نکال سکتا ہے بشرطیکہ اسکے (PIEA) کی باقی ماندہ رقم کم از کم پچاس ہزار روپے یا اسکا پچاس فیصد حصہ (دونوں میں سے جو زیادہ ہو) جزوی طور پر رقم نکالنے کی کم از کم حد دس ہزار روپے ہے۔

## Which Supplementary Takaful Benefits can be attached with this Plan?

The Participant can select the following optional takaful benefits to enlarge the scope of Takaful coverage offered under this plan:

i. **Accidental Death Benefit (ADB):**
Under this supplementary benefit, an additional lump-sum amount equal to the face value of the plan shall be paid to the heirs upon accidental death.

ii. **Accidental Death and Disability Benefit (ADDB ):**
This supplementary cover not only offers an additional lump-sum amount equal to the face value of the plan as stipulated by the participant upon accidental death but also provides certain benefits in case of permanent or partial disability caused due to an accident.
**(Note: Participant may select any one of the two accidental supplementary benefits, but not both)**

iii. **Family Income Benefit (FIB):**
This optional coverage pays income annually to the nominees in case of the death of a participant during the plan term. Under this rider, an agreed annuity of 10% to 50% per annum equal to the face value of the plan shall be paid to the heirs till the expiry of the rider.

iv **Term Takaful Rider (TTR)**
In the event of death of the Participant during term of Term Takaful supplementary cover, the face value will be payable in addition to the benefits payable under the main plan.
This Supplementary cover is an excellent opportunity for individuals who want to enhance coverage of their membership substaintially on payment of a meagre amount of contibution.

**اس پلان کے ساتھ کون سے اضافی تکافل فوائد منسلک کیے جاسکتے ہیں؟**

شریک اس پلان کے تحت پیش کردہ تکافل کوریج کا دائرہ کار وسیع کرنے کے لیے درج ذیل اختیاری تکافل فوائد کا انتخاب کرسکتا ہے:

i حادثاتی موت(Accident Death Benefit)
اس ضمنی معاہدہ کے تحت، شریک کی حادثاتی موت کی صورت میں اصل قیمت کے مساوی اضافی یکمشت رقم ورثاء کو ادا کی جائے گی۔

ii حادثاتی موت اور معذوری(AccidedntDeath&DisabilityBenefits) کا ضمنی معاہدہ
اس ضمنی معاہدہ کے تحت شریک کی حادثاتی موت کی صورت میں اصل قیمت کے مساوی اضافی یکمشت رقم ورثاء کو ادا کی جائے گی۔ مزید یہ کہ اس ضمنی معاہدہ کے تحت حادثے کی وجہ سے مستقل یا جزوی معذوری کی صورت میں طے شدہ فوائد بھی حاصل ہونگے۔
(نوٹ: شریک مندجہ بالا i یا ii میں سے کسی ایک حادثاتی ضمنی معاہدہ کا انتخاب کرسکتا ہے)

iii خاندانی آمدنی کا ضمنی معاہدہ(Family Income Benefit)
اس ضمنی معاہدہ کے تحت شریک کی وفات کی صورت میں نامزد وارث کو طے شدہ اصل قیمت کا 10 سے 50 فیصد تک سالانہ بنیادوں پر ادائیگی ضمنی معاہدے کی اختتامی تاریخ تک ادا کی جائیگی۔

iv ٹرم تکافل رائیڈر (TTR)
میعاد کے دوران شریک کے انتقال کی صورت میں مدتی تکافل ضمنی معاہدہ کے تحت اصل رقم ادا کی جائیگی جو مرکزی منصوبے کے قابلِ ادائیگی فوائد کے علاوہ ہوگی۔
یہ ضمنی معاہدہ ان افراد کے لئے بہترین موقع ہے جو معمولی رقم کی ادائیگی سے اپنی رکنیت کی وسعت کو کافی حد تک بڑھانا چاہتے ہیں۔

## Additional Value Added Options:

I. **Inflation Protection/Indexation:**
The Participant can also opt to protect him / her by indexed regular contribution by selecting the following option on a compond basis:

i. **Indexation of Contributions:**
Under this option, the gross Regular Contributions may be increased by 6% on every Membership Anniversary. However, the face value of the plan and the face value of additional benefits (if any) at the time of membership issuance will remain the same and will not be subject to indexation under this option.

II. **Fund Acceleration Contributions:**
The Plan also offers flexibility to the Participant by providing an option to invest additional funds available to enrich savings. These lump-sum contributions are termed Fund Acceleration Contributions and can be placed anytime while the membership is in-force. Units will be credited to the PIEF after deduction of applicable charges against the Fund Acceleration Contributions received. The minimum contribution shall not be less than Rs. 10,000/-.

## مالیت بڑھانے کے اضافی اختیارات (Additional Value Added Options):

شریک مندرجہ ذیل اختیار حاصل کر کے باقاعدہ شراکتی حصہ کی اشاریہ سازی کے ذریعے افراطِ زر سے اپنا بچاؤ کر سکتا ہے۔

### I افراطِ زر سے تحفظ / اشاریہ سازی (Inflation Protection/Indexation):

شریک مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا انتخاب کر کے افراطِ زر سے تحفظ حاصل کر سکتا ہے۔

#### I شراکتی حصے کی اشاریہ سازی (Indexation of Contributions)

اس انتخاب کے تحت، باقاعدہ شراکتی حصہ رکنیت کے ہر سال 6 فیصد تک بڑھایا جا سکتا ہے۔ تاہم پلان کی اصل قیمت بمع اضافی فوائد (اگر کوئی ہو) وہی رہینگے جو پالیسی کے اجراء کے وقت تھے۔

#### II تیز رفتار شراکتی حصہ فنڈ (Fund Acceleration Contribution)

اس پلان میں شریک کے لئے لچک اختیار کی گئی ہے کہ اگر وہ چاہے تو اضافی فنڈ مہیا کر کے مزید سرمایہ کاری کر سکتا ہے اور یہ اختیار پالیسی کے لاگو ہونے کی مدت میں کسی بھی وقت کیا جا سکتا ہے تیز رفتار شراکتی فنڈ وصول ہونے پر (لاگو چارجز منہا کرنے کے بعد) یونٹس شریک کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ کے (PIEA) میں جمع کرا دیئے جائیں گے۔ کم از کم شراکتی حصہ کی حد -/10,000 روپے ہے۔

### Unit Allocation — مختص یونٹ

| Membership Year | ممبرشپ سال | Unit Allocation % (مختص یونٹ (فیصد)) |
|---|---|---|
| 1st Year | پہلا سال | 55% |
| 2nd Year | دوسرا سال | 80% |
| 3rd Year | تیسرا سال | 90% |
| 4th Year & Onwards | چوتھا سال اور اس کے بعد | 100% |

### Schedule of Charges — شیڈول آف چارجز

All charges shall apply in the following order:

تمام چارجز درج ذیل آرڈر کے تحت لاگو ہوں گے۔

1. **Allocation Charge:**
An allocation fees will be charged, after which the remaining part of the contribution shall be allocated as per the percentages mentioned above in unit allocati on table

ایک مختص فیس وصول کی جائے گی، جس کے بعد شراکتی حصہ مختص یونٹ ٹیبل میں بیان کردہ مفید کے مطابق مختص کر دیا جائے گا۔

2. **Endowment Waqf Contribution:**
Endowment Waqf Contribution will be deducted on a monthly basis from the Participant Investment Endowment Account (PIEA). Additional compounding for Insurance Charges for Extra-mortality and occupational extra, if applicable, shall also apply.

2. وقف شراکتی حصہ (Endowment Waqf Contribution)

وقف شراکتی حصہ ماہانہ بنیادوں پر شریک کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ (PIEA) سے منہا کر دیا جائیگا۔
وقف شراکتی حصہ بقیہ باقاعدہ شراکتی حصہ کو انشورنس رسک چارج (IRS) سے ضرب کرنے کی بنیادوں پر حاصل ہوتا ہے۔

3. **Admin Charge (Wakala Fee):**
Annual charges equal to Rs 1,200/- deductible monthly from the Participant Investment Endowment Account (PIEA). This charge will be subject to revision by State life as and when required.

3. انتظامی / وکلاء فیس (Admin/Wakala Fees)

سالانہ چارجز -/1200 روپے کے مساوی ہے شریک کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ سے ماہانہ بنیاد پر منہا کیے جائینگے ان چارجز پر اسٹیٹ لائف وقتاً فوقتاً نظر ثانی کر سکتی ہے۔

4. **Unit Allocation Charge:**
Applied to th e portion of contribution used to purchase PIEA units; the rate will be 5%.

4. یونٹ خریداری قیمت (Unit Allocation Charge)

شریک کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ میں یونٹس کی خریداری کیلئے شراکتی حصہ پر شرح 5 فیصد لاگو ہوگی۔

5. **Fund Management Charge (Investment Wakala Fee):**

Investment Wakala Fee shall be applicable on the Participant Endowment Account (PIEA) at the rate of 1.5% per annum. The charge will accordingly be adjusted at the time of unit price determination on a daily basis and transferred to the operator's sub-fund at the end of the financial year.

5. **سرمایہ کاری وکالہ فیس (Investment Wakala Fee)**

پر سرمایہ کاری اکاؤنٹ (PIEA) کی ویلیو پر لاگو شرح 1.5 فیصد سالانہ ہوگی۔
یہ فیس روزانہ کی بنیاد پر یونٹس کی قیمت کے تعین کے وقت ایڈجسٹ کی جائے گی اور بعد ازاں سال کے اختتام پر منتظم کی ذیلی فنڈ میں منتقل کر دی جائے گی۔

6. **Modarib Fee:**

At the end of every accounting year. State Life shall determine the distributable surplus under the Participants Takaful Endonmat Fund (PTE). 97.5% of it would be distributed to Participants in the form of Bonuses while remaining 2.5% would be transferred to Operator Sub-Fund (OSF) as Modarib Fee.

6. **مضارب فیس:**

ہر حسابی سال کے اختتام پر اسٹیٹ لائف شرکاء تکافل اینڈومنٹ فنڈ (PTEF) کے تحت قابل تقسیم منافع کا یقین کرے گی۔ اس میں سے 97.5% شرکاء کو بونس کی شکل میں تقسیم کیا جائے گا جبکہ بقیہ 2.5% تکافل آپریٹر کے ذیلی فنڈ (OSF) کو مضارب فیس کے طور پر منتقل کیا جائے گا۔

7. **Free Look Period**

The participant can cancel the membership within 14 days of the receipt of the Particpant Membership Document(PMD).

7. **آزادانہ مطالعہ کی مدت**

شریک رکنیتی دستاویز (PMD) کی وصولی کے 14 دنوں کے اندر اپنی رکنیت منسوخ کر سکتا ہے۔

## INVESTMENT RISK

This is a Family Takaful product which has two district elements i.e. protection and investment. The investment component is linked to the performance of underlying assets under unit liked fund(s)

The investment risk shall be borne by the participant and the actual maturity or surrender values may be lower or higher than the projected figures (as mentioned in the illustrations of benefits).

**سرمایہ کاری خطرات (Investment Risk)**

سرمایہ کاری کا خطرہ نفع یا نقصان کی صورت میں شریک برداشت کرے گا لہٰذا حتمی میچورٹی یا دستبرداری کی قدر جنہیں متوقع قدر کے طور پر بطور مثال پیش کیا گیا ہے کم یا زیادہ ہو سکتی ہے۔
یہ تکافل پروڈکٹ ہے جس کے دو الگ عناصر ہیں یعنی تحفظ اور سرمایہ کاری، سرمایہ کاری کا جز و یونٹ سے منسلک فنڈ کے تحت بنیادی اثاثوں کی کارکردگی سے منسلک ہے۔

## DISCLAIMER

- This Product is underwritten by State Life Insurance Corporation of Pakistan. It is not guaranteed or insured by Bank or its affiliates and is not a Bank product.
- The Bank is acting as a corporate insurance agent of state life insurance bank shall not be held responsible for any liability under the policy in any manner whatsoever to the policy holder (s) or claimanats (s).
- The past performance of the State Life Insurance Corporation of Pakistan is not necessarily a guide for future performance. Any forecast made is not necessarily indicative of the future or likely performance of the funds, and State Life Insurance Corporation of Pakistan will not incur any liability for the same.
- A personalized illustration of benefits will be provided to you by our staff. Please refer to the notes in the illustration for a detailed understanding of the various terms and conditions.
- A description of how the contract works is given in the privileges and condition of Participant Membership Document (PMD). This product brochure only gives a general outline of the product features and benefits.

**اظہار لاتعلقی:**

- یہ پروڈکٹ اسٹیٹ لائف انشورنس آف پاکستان کے اصول وضوابط کے تحت ہے اور بینک اور اس سے ملحقہ اداروں کی جانب سے اس پر کوئی گارنٹی یا انشورنس شامل نہیں اور نہ ہی یہ بینک کی پراڈکٹ ہے۔
- بینک ایک ایجنٹ کے طور پر اسٹیٹ لائف انشورنس کی جانب سے یہ سہولت فراہم کر رہا ہے اور کسی معاملے یا کسٹمر یا اس کے بینیفشری یا تیسرے فریق کے متعلق کسی قسم کا ذمہ دار نہیں ہے۔
- برائے مہربانی یاد رکھیں کہ بینک کے شیڈول آف چارجز اور متعلقہ اداروں کے ٹیکس لاگو ہوں گے۔
- اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان کی ماضی کی کارکردگی، ضروری نہیں کہ مستقبل کی کارکردگی کے لیے رہنما ہو۔ اس سلسلے میں کی جانے والی کوئی بھی پیش گوئی ضروری نہیں کہ مستقبل کی نشاندہی کرتی ہوں، فنڈز کی ممکنہ کارکردگی کا اشارہ دیتی ہو لہٰذا اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان اس کی کوئی ذمہ داری نہیں اٹھائے گی۔
- ہمارے عملے کی طرف سے آپ کو فوائد کی ذاتی نوعیت کی مثال فراہم کی جائے گی۔ براہ کرم مختلف شرائط وضوابط کی تفصیلی تفہیم کے لئے مثال میں دیے گئے نوٹ سے رجوع کریں۔
- معاہدہ کے عمل میں آنے کے طریقہ کار کی تفصیل شرکا کی ممبرشپ کی دستاویز (پی ایم ڈی) کے مراعات اور شرائط میں دی گئی ہے۔ اس پروڈکٹ بروشر میں صرف مصنوعات کی خصوصیات اور فوائد کا عمومی خاکہ پیش کیا گیا ہے۔

## CERTIFICATE OF SHARIAH COMPLIANCE FOR STATE LIFE INSURANCE CORPORATION OF PAKISTAN WINDOW TAKAFUL OPERATIONS

In the capacity of Shariah Advisor of State Life Insurance Corporation of Pakistan Window Takaful Operations, I hereby certify that I have reviewed the structure of State Life's "TAYYAB TAKAFUL ENDOWMENT PLAN" alongwith the riders which is being distributed by existing (Individual Life) Conventional Field Force which are based on the Wakalah — Waqf Model. I have also examined all relevant processes and documents including the Participant's Membership Documents. In addition, I have also reviewed in detail and perform continuous monitoring of the Investments with regard to all Family Takaful Funds.

Based on the Shariah rulings and to the best of my knowledge and belief, the TAYYAB TAKAFUL ENDOWMENT PLAN" of State Life Insurance Corporation of Pakistan Window Takaful Operations, investments of all Takaful Funds, relevant documents and processes are fully compliant with all aspects of Shariah.

In my opinion, it is permissible from Shariah's point of view to obtain Membership in this product, participate in the Waqf Fund and benefit from it.

**Mufti Muhammad Hassaan Kaleem**
**Graduated Jamia Darul-Uloom Karachi,**
**Shariah Advisor State Life Window Takaful Operations.**

## شرعی تصدیق

میں بطور شریعہ ایڈوائیزر اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان ونڈو تکافل آپریشنز تصدیق کرتا ہوں کہ میں نے اسٹیٹ لائف کی طرف سے پیش کی جانے والی پروڈکٹ ''طیّب تکافل اینڈ وومنٹ پلان'' کی تفصیلات کا بمعہ اضافی فوائد بغور جائزہ لیا ہے۔ یہ پلان اسٹیٹ لائف (انفرادی لائف انشورنس) کے زمینی عملہ ہی کے ذریعہ پہنچایا جارہا ہے۔ یہ پلان وکالہ۔ وقف ماڈل کی بنیاد پر استوار ہے۔

میں نے تمام متعلقہ کارروائی اور کاغذات کا بھی جائزہ لیا ہے، ان کاغذات میں ممبر شپ ڈاکیومینٹ کلیدی اہمیت کا حامل ہے۔ میں نے فیملی تکافل فنڈ سے متعلق انوسٹمنٹ کا بھی جائزہ لیا اور مستقبل میں بھی اس کی نگرانی رہے گی۔

میری ممکنہ معلومات کے مطابق ''طیّب تکافل اینڈ وومنٹ پلان'' کی عملی تفصیلات، سرمایہ کاری اور معاہداتی کاغذات وغیرہ شرعی اصولوں کے مطابق ہیں۔

میری رائے میں شرعی اعتبار سے اس پلان کی رُکنیت لینا اور وقف فنڈ کے فوائد حاصل کرنا جائز ہے۔

(مفتی محمد حسّان کلیم)

فاضل جامعہ دارالعلوم کراچی، شریعہ ایڈوائیزر (اسٹیٹ لائف ونڈو تکافل آپریشنز)


تکافل ڈویژن، آٹھویں منزل، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 1، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی
فون نمبر: 021-99217286-87 فیکس نمبر: 021-99217282
ای میل: dhtakaful@statelife.com.pk
ویب سائٹ: www.statelife.com.pk

Takaful Division, 8th Floor, State Life Building No.1,
I.I. Chundrigar Road, Karachi.
Ph. No.: 021-99217286-87. FAX No.: 021-99217282
E-mail: dhtakaful@statelife.com.pk
Website: www.statelife.com.pk